# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

4

Date: 28 June-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۲۸/جون ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

## :::::::سرخیاں:::::::

**پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:**

☆ ترمیم شدہ فوجداری قوانین میں سزا پر انصاف کو ترجیح دینے کا صدرِ جمہوریہ درَوپدی مُرمو کا عندیہ۔

☆ ریاستی اسمبلی کے مانسون اجلاس کا آغاز؛ رواں مالی سال کا مالیاتی بجٹ آج مقننہ میں پیش ہوگا۔

☆ اسمارٹ میٹر صرف سرکاری دفاتر میں نصب کیے جانے کی بجلی فراہمی کمپنی مہاوِترن کی وضاحت۔

☆ ناندیڑ سے پونے اور ناگپور کیلئے فضائی خدمات کا کل سے آغاز۔

اور۔۔۔☆ انگلینڈ کو 68 رنز سے شکست دے کر بھارت ٹی ٹوئنٹی عالمی کپ کرکٹ کے فائنل میں داخل۔

***** ***** *****

**اب خبریں تفصیل سے:**

صدرِ جمہوریہ درَوپدی مُرمو نے کہا ہے کہ یکم جولائی سے ملک میں نافذ ہونے والے نظر ثانی شدہ فوجداری قوانین میں سزا کے بجائے انصاف کو ترجیح دی جائے گی۔ پارلیمنٹ کے مانسون اجلاس میں صدرِ جمہوریہ مُرمو نے دونوں ایوانوں سے کل مشترکہ خطاب کیا۔

اپنے خطاب میں صدرِ جمہوریہ نے حالیہ لوک سبھا انتخابات، ہندوستانی معیشت کی بلندی اور خواتین کو بااختیار بنانے جیسے موضوعات پر روشنی ڈالی۔حکومت کا آئندہ بجٹ مستقبل کی منصوبہ بندی اور تیز رفتار اصلاحات پر توجہ مرکوز کرنے والا ہونے کا یقین انہوں نے ظاہر کیا۔

انہوں نے بتایا کہ پرچہ افشا ہونے کے معاملات کی روک تھام کیلئے حکومت ٹھوس اقدامات کر رہی ہے،اس معاملے کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کیے جانے کا یقین صدرِ جمہوریہ نے ظاہر کیا۔

دریں اثنا‘ صدر کے خطبے کے بعد لوک سبھا کی کارروائی دن بھر کیلئے ملتوی کردی گئی۔ راجیہ سبھا میں بھی وزیر اعظم نریندر مودی کی جانب سے نئے وزراء کا تعارف کرانے کے بعد کارروائی ملتوی کردی گئی۔

***** ***** *****

ریاستی اسمبلی کے مانسون اجلاس کا‘ کل سے آغاز ہوا۔ مالی سال 2024-25 کا ریاستی مالیاتی بجٹ آج اسمبلی میں پیش کیا جائے گا۔ نائب وزیرِ اعلیٰ اور وزیرِ خزانہ اجیت پوار اسمبلی میں بجٹ پیش کریں گے۔کل، اجلاس کے پہلے دن، وزیر خزانہ نے دونوں ایوانوں کے فلور پر مالی سال 2023-24 کی معاشی معائنہ رپورٹ پیش کی۔ جس میں ریاستی معیشت کی ترقی سات اعشاریہ چھ فیصد رہنے کا قیاس ظاہر کیا گیا۔ مالی سال 2022-23 میں ریاست کی مجموعی پیداوار میں نو اعشاریہ چار فیصد کا اضافہ ہوا تھا اور خدمات کے شعبے میں سب سے زیادہ ترقی آٹھ اعشاریہ آٹھ‘ جبکہ زرعی شعبے میں سب سے کم ایک اعشاریہ نو فیصد رہی تھی۔ صنعتی شعبے کی شرح نمو سات اعشاریہ چھ فیصد رہنے کی پیش گوئی بھی کی گئی ہے۔

فی کس آمدنی کے لحاظ سے مہاراشٹر ملک میں چھٹے نمبر پر ہے۔ جبکہ گزشتہ مالی سال میں بھی براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری کوراغب کرنے میں مہاراشٹر سرِ فہرست رہا ہے۔
4

***** ***** *****

علاقائی منصوبہ بندی اور شہری ترقیات اور ریاستی فروغِ ہنر یونیورسٹی سے متعلق آرڈیننس کل قانون ساز کونسل میں پیش کیے گئے۔ اسی طرح دونوں ایوانوں سے منظور شدہ سات بلوں کو گورنر کی منظوری ملنے کا اعلان بھی ایوان کیا گیا۔ بعد ازاں ڈپٹی اسپیکر نیلم گورہے نے پرساد لاڑ، ولاس پوتنیس، امول مٹکری، ابھیجیت وَنجاری اور منیشا کائندے کی میز کے چیئر مین کی حیثیت سے تقرری کی۔

قائد حزب اختلاف امباداس دانوے نے کل قانون ساز کونسل میں ریاست میں جاری پولس بھرتی کے عمل میں شریک ہونے والے امیدواروں کو مناسب سہولیات نہ ملنے کا معاملہ پیش کیا۔ اس پر نائب وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے اس سلسلے میں تمام متعلقہ ایجنسیوں کو ہدایات دے دیئے جانے کی وضاحت کی۔

***** ***** *****

ریاست میں مہایوتی مضبوط اور مستحکم ہے اور گذشتہ دو سالوں میں ریاستی حکومت نے عوامی مفادات کے فیصلے کیے ہیں۔ وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے نے اس طرح کا دعویٰ کیا ہے۔ وزیرِ اعلیٰ کل اسمبلی کے احاطے میں میڈیا نمائندوں سے گفتگو کر رہے تھے۔ انھوں نے بتایا کہ منشیات کے معاملے میں ریاست گیر سطح پر کارروائی کرنے کے احکامات دیے گئے ہیں، اور اسکول کالج کے علاقے میں موجود ٹپریاں ہٹائی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

شیوسینا ادھو بالا صاحب ٹھاکرے پارٹی کے سربراہ ادھو ٹھاکرے نے حکومت سے اسمبلی انتخابات سے پہلے کسانوں کے قرضے معاف کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ وہ گزشتہ روز ممبئی میں صحافیوں سے بات کررہے تھے۔ انہوں نے ریاست میں جاری او بی سی اور مراٹھا ریزرویشن معاملے کا کوئی مشترکہ حل نکالنے پر حکومت کا ساتھ دینے کی وضاحت بھی کی۔ کسانوں کی خودکشی، پولس بھرتی، اور منشیات کی اسمگلنگ کے بڑھتے معاملات کی طرف بھی ٹھاکرے نے حکومت کی توجہ مبذول کرائی۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

کسانوں کے قرضہ جات معاف کرنے، بجلی بلوں کی معافی اور آفاتِ سماوی سے ہونے والے نقصانات کے معاوضے فراہم کرنے کے مطالبات کو لیکر حزبِ اختلاف کی جماعتوں نے کل اسمبلی کی سیڑھیوں پر احتجاج کیا۔ اس موقعے پر قانون ساز کونسل میں حزبِ اختلاف کے قائد امباداس دانوے نے ریاستی حکومت پر کسانوں کے مسائل سے چشم پوشی کرنے کا الزام بھی عائد کیا۔

***** ***** *****

وزیرِ اعظم نریندر مودی پرسوں اتوار کو آکاشوانی کے ''من کی بات'' پروگرام کے ذریعہ ملک کی عوام سے خطاب کریں گے۔ یہ پروگرام اس سلسلے کے تیسرے ایڈیشن کا پہلا حصہ ہوگا۔ آکاشوانی اور دُوردرشن کے تمام چینلوں پر صبح گیارہ بجے یہ پروگرام نشر کیا جائے گا۔

***** ***** *****

بجلی فراہمی کمپنی مہاوِترن نے وضاحت کی ہے کہ اسمارٹ میٹر عوام کیلئے متعارف نہیں کروائے گئے ہیں بلکہ یہ میٹر سرکاری دفاتر میں لگائے جائیں گے۔ مہاوِترن کی ترمیم شدہ سپلائی زون اسکیم کی وجہ سے ریاست کے بجلی صارفین کو قابلِ اعتماد اور معیاری بجلی فراہمی میں مدد ملے گی۔ بجلی ریگولیٹر کمیشن کی منظوری کے بعد لائنوں کو ملانے، تقسیم کے دوران نقصانات کو کم کرنے، تقسیمی طریقۂ کار کو مضبوط کرنے اور اسمارٹ میٹرنگ جیسے پروگرام مہاوِترن کی جانب سے کیے جانے کی اطلاع صحافتی بیان کے ذریعے دی گئی ہے۔

***** ***** *****

طبّی نصاب کورس میں داخلوں کے امتحان NEET میں مبینہ بدعنوانی کے معاملے میں مرکزی تفتیشی ایجنسی ( سی بی آئی ) نے کل دو افراد کو بہار کے پٹنہ سے گرفتار کیا۔ ریاست میں NEET امتحان میں بے قاعدگی کے معاملے کی جانچ سی بی آئی کے سپرد کی گئی ہے؛ جبکہ اس معاملے میں لاتور پولس نے بھی اب تک دو معلّمین کو گرفتار کیا ہے۔

***** ***** *****

ناندیڑ طیران گاہ سے پونے اور ناگپور کیلئے فضائی خدمات کا‘ کل سے آغاز ہوگیا۔ صبح ساڑھے دس بجے ناندیڑ سے اُڑان بھرنے والی پرواز صبح ساڑھے گیارہ بجے پونہ پہنچے گی، جبکہ دوپہر ایک بجکر دس منٹ پر روانہ ہونے والا طیارہ دوپہر دو بجے ناگپور پہنچے گا۔ ہفتے میں چار دن یعنی پیر، منگل، جمعرات اور جمعہ کو یہ فضائی خدمات مسافروں کو فراہم ہوسکیں گی۔

***** ***** *****

وزیرِ محصول را دھا کرشن وِکھے پاٹل کی صدارت میں کل چھترپتی سمبھا جی نگر ضلعے کے مختلف موضوعات پر ایک جائزاتی اجلاس منعقد ہوا۔ اس اجلاس میں ضلعے کے مختلف مسائل پر تفصیلی غور وفکر کر کے اس پر مثبت فیصلے لیے گئے۔ سلوڑ تعلقہ دودھ تنظیم کو مہانند کے ساتھ رُکنیت دینے اور سوئے گاؤں تحفظِ مویشیان محکمہ کی خالی جائیدادوں کو پُر کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ مارکیٹنگ اور اقلیتی اُمور کے ریاستی وزیر عبدالستار بھی اس اجلاس میں موجود تھے۔

***** ***** *****

T-20 کرکٹ عالمی کپ کا فائنل مقابلہ کل بھارت اور جنوبی افریقہ کے درمیان ہوگا۔ گزشتہ روز منعقدہ سیمی فائنل میں بھارت نے انگلینڈ کو 68 رنز سے شکست دے کر فائنل میں رسائی حاصل کی۔ اس میچ میں پہلے بلّے بازی کرتے ہوئے بھارتی ٹیم نے مقررہ اووروں میں سات وکٹ پر 171 رنز اسکور کیے۔ روہت شرما نے 57، سوریہ کمار یادو نے 47 اور ہاردک پانڈیا نے 23 رنز بنائے۔ جس کے جواب میں انگلینڈ کی پوری ٹیم 17 ویں اوور میں 103 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔ کلدیپ یادو اور اکشر پٹیل نے تین تین جبکہ جسپریت بمراہ نے دو وکٹیں حاصل کیں۔ چھ گیندوں میں دس رنز بنانے اور انگلینڈ کے تین کھلاڑیوں کو آؤٹ کرنے والے اکشر پٹیل کو مین آف دی میچ کے ایوارڈ سے نوازا گیا۔

دریں اثنا‘ گزشتہ روز صبح ہوئے پہلے سیمی فائنل میچ میں جنوبی افریقہ نے افغانستان کو نو وکٹوں سے شکست دے کر فائنل میں رسائی حاصل کی۔

***** ***** *****

دودھ کو کم از کم 40 روپئے فی لیٹر قیمت دینے اور امداد دینے کے مطالبے پر دودھ کے کاروباری کسان سنگھرش کمیٹی نے آج سے ریاست گیر احتجاج کرنے کا انتباہ دیا ہے۔ دریں اثنا‘ ریاست کے تحفظِ مویشیان اور دودھ کاروبار ترقی محکمے کے وزیر رادھا کرشن وِکھے پاٹل کی صدارت میں دودھ کی قیمت بڑھانے سے متعلق دودھ کے کاروباری کسانوں کی ایک اہم میٹنگ کل سنیچر کو ودھان بھون میں منعقد ہوگی۔

***** ***** *****

پرلی۔ پورنا۔ پرلی پیسنجر ریلوے گاڑی آج سے آئندہ 8 جولائی تک منسوخ کی گئی ہے؛ جبکہ دھرم آباد۔ منماڑ ریلوے گاڑی دھرم آباد تا ناندیڑ کے درمیان منسوخ کیے جانے کی اطلاع جنوب وسطی ریلوے کے ناندیڑ عوامی رابطہ دفتر نے دی ہے۔

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ ترمیم شدہ فوجداری قوانین میں سزا پر انصاف کو ترجیح دینے کا صدرِ جمہوریہ درَوپدی مُرمو کا عندیہ۔

☆ ریاستی اسمبلی کے مانسون اجلاس کا آغاز؛ رواں مالی سال کا مالیاتی بجٹ آج مقننہ میں پیش ہوگا۔

☆ اسمارٹ میٹر صرف سرکاری دفاتر میں نصب کیے جانے کی بجلی فراہمی کمپنی مہاوِترن کی وضاحت۔

☆ ناندیڑ سے پونے اور ناگپور کیلئے فضائی خدمات کا کل سے آغاز۔

اور۔۔۔☆ انگلینڈ کو 68 رنز سے شکست دے کر بھارت ٹی ٹوئنٹی عالمی کپ کرکٹ کے فائنل میں داخل۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****